سوال

(109)اگر جنازہ کی پوری نماز نہ ملے الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر جنازہ کی پوری نماز نہ ملے، یعنی ایک تکبیر ملی اور شروع کی دوتین تکبیریں چھوٹ گئیں توجنازہ کی نماز کس طرح پوری کرے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس طرح امام کے ساتھ چھوٹی ہوئی نمازوں کو سلام پھیرنے کے بعد پوری کرتے ہیں، کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ((مَا اَدْرَکْتُمْ فَصَلُّوا وَمَا فَاتَکُمْ فَاتموا)) (مشکوۃ) ''امام کے ساتھ جو پاؤ، ان کو پڑھ لو، اور جو چھوٹ جائے، اس کو بعد میں ادا کر لو۔''

یہ حکم سب نمازوں کے لیے ہے، اس میں جنازہ کی نماز بھی شامل ہے، مؤطا مالک میں ہے، کہ امام مالک نے امام زہری سے پوچھا کہ اگر کوئی شخص جنازہ کی نماز کی بعض تکبیروں کو پائے، اور بعض کو نہ پائے، تو کیا کرے، تو زہری نے یہ جواب دیا کہ فوت شدہ تکبروں کے بعد میں ادا کرے۔

(الاعتصام جلد نمبر ۲۱ ش نمبر ۲، ۳) (شیخ الحدیث مولانا عبد السلام بستوی دہلوی رحمۃ اللہ)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد05ص188

محدث فتویٰ